کردار کے اعتبار سے ایک مثالی یونیورسٹی بنانے میں کامیاب ہوں آمین

خوشی کی بات ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کے نمائندوں کی جو گفتگو پچھلے دنوں اسلام آباد میں ہوئی تھی وہ کامیاب رہی اور امید ہے کہ اب جلد ہی دونوں ملکوں میں مراسلت اور آمد و رفت کی راہ کھل جائے گی اس طرح گویا شملہ معاہدہ کی تکمیل میں مزید پیش رفت ہوئی ہے اور اس سے سرحد کے دونوں طرف ان لاکھوں درد مند انسانوں کو یک گونہ تسلی اور تشفی ہوگی جو تین برس سے زیادہ سے اپنے عزیزوں قریبوں کی ملاقات کی براہ راست اُن کی خیریت کے دو حرف سننے کو ترس گئے ہیں۔ لیکن تعلقات کو معمول پر لانے اور اُن میں دوستی کا رنگ بھرنے کے لئے ابھی دونوں حکومتوں کو بہت کچھ کرنا ہے، اس سلسلہ میں سب سے اہم اور ضروری سفارتی تعلقات کی بحالی اور باہمدگر اعتماد، بھروسہ اور دوستی کی فضا پیدا کرنا ہے، یہ فضا اُسی وقت پیدا ہوسکتی ہے جب کہ دونوں ملکوں میں صرف مراسلت اور آمد و رفت کا تعلق نہ ہو۔ بلکہ تجارتی اور ثقافتی روابط بھی ہوں، خدا کرے یہ دن بھی جلد آئے اور دونوں نہیں، بلکہ بنگلہ دیش کو بھی شامل کرکے تینوں ملک امن و امان اور اتحاد و یگانگت کے ساتھ رہنے کے قابل ہوں۔

افسوس ہے اس مرتبہ صفحات میں تبصروں کے لئے گنجائش نہیں نکل سکی۔

اُردو زبان کی سب سے مشہور اور مستند لغت

فرہنگِ آصفیہ

(مؤلفہ خاں صاحب سید احمد دہلوی)

جو برسوں سے نایاب تھی، ترقی اُردو بورڈ کے زیر اہتمام شائع ہوگئی ہے
عربی، فارسی، ترکی، ہندی، سنسکرت اور انگریزی الفاظ جو اُردو میں داخل ہوگئے
ہیں، محاورات، اصطلاحات، ضرب الامثال، کنائے، تلمیحیں، تذکیر و تانیث کے اصول،
صرف و نحو کے قاعدے، اسماء و رجال، رسم و رواج اور دوسرے بیسیوں امور کی تشریحات،
جو پچپن ہزار سے متجاوز ہیں ـــــ اس فرہنگ کو اُردو انسائیکلوپیڈیا کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔
آفسٹ کی روشن طباعت، بہت خوش نما گیٹ اپ، ریکسین کی مضبوط جلد،
چاروں جلدوں کی مجموعی ضخامت، جہازی سائز کے ڈھائی ہزار صفحات سے اوپر۔

قیمت جلد اوّل : چالیس روپے
" جلد دوم : پچیس روپے
" جلد سوم : چالیس روپے
" جلد چہارم : پینتالیس روپے

تقسیم کار

نیشنل اکادمی۔ ۹ انصاری مارکیٹ دریا گنج دہلی ۶